2023年4月25日ジャング紙ラホール版1面

سوات، CTD کی عمارت میں دھماکے، 15 اہلکار شہید، 40 زخمی

اپریل ، 2023 25

سوات، پشاور، اسلام آباد (نمائندہ جنگ، جنگ نیوز، نیوز رپورٹر، نمائندہ خصوصی) سوات کے علاقے کبل میں سی ٹی ڈی تھانے کے اندر ہونے والے یکے بعد دیگرے 2 بم دھماکوں میں 15 پولیس اہلکار شہید ور 40 افراد زخمی ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق دھماکے سے تھانے کی عمارت کا ایک حصہ منہدم ہو گیا۔ دھماکے کی آوازیں دور دور تک سنی گئی دھماکے اس قدر شدید تھے کہ قریبی عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔ دھماکے میں زخمی ہونے والے بیشتر زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے جس سے مزید ہلاکتوں کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ دھماکے کے بعد فائرنگ بھی کی گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دھماکے کے بعد عمارت کو آگ لگ گئی۔ دھماکے کے بعد علاقے کو سیکورٹی اداروں نے گھیرے میں لے لیا۔ سیدو شریف ہسپتال سوات میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی ٹی ڈی تھانے میں دو دھماکے کئے گئے اور مبینہ طورپر خود کش تھے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی خالد سہیل کے مطابق تھانہ سی ٹی ڈی کبل میں خود کش دھماکا ہوا، دھماکے سے تھانے کی عمارت بیٹھ گئی۔ دھماکے سے علاقے کی بجلی منقطع ہو گئی، دھماکے کی نوعیت معلوم کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق دھماکے میں شہید ہونے والوں میں2 سب انسپکٹرز بھی شامل ہیں۔ ادھر وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ رانا ثنا و دیگر نے سوات کے علاقے کبل میں سی ٹی ڈی تھانہ میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس اور شہداء کی بلندئ درجات کی دعا اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا، وزیر اعظم نے کہا کہ پوری قوم شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ دہشت گردی کے اس ناسور کو جلد جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔